بہادر بچّے

پاکستانی بچّے ہیں ہم ، امن سے اتنا پیار ہمیں
اپنے اندر کے دشمن سے لڑنا ہے اس بار ہمیں

دریا میں طغیانی ہے ، منجدھار میں کشتی ٹھہری ہے
لیکن ہم نے سوچ لیا ہے، جانا ہے اُس پار ہمیں

کلیاں دل کی کِھل جائیں گی، بادِصبا اِٹھلائے گی
فصلِ بہار ہے آنے والی ، دِکھتے ہیں آثار ہمیں

صحنِ چمن کی مٹی کو ہم اپنے خون سے سینچیں گے
اس کا اِک اِک صحرا آخر کرنا ہے گلزار ہمیں

ہم آنکھوں میں سپنے لے کر آگے بڑھتے جائیں گے
موت سے ہم کو ڈر نہیں لگتا، جینے سے ہے پیار ہمیں

منزل پر پہنچیں گے اِک دن، وہیں قیام کریں گے ہم
روک نہیں سکتی ہے ناصر کوئی بھی دیوار ہمیں

ناصر بشیر

مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں:

(الف) پاکستانی بچوں کو کس چیز سے پیار ہے؟ (ب) پاکستانی بچوں نے کس سے لڑنے کا عزم کیا ہے؟

(ج) بچّے، صحنِ چمن کی مٹی کو کس چیز سے سینچیں گے؟ (د) پاکستانی بچوں کو کس شے سے ڈر نہیں لگتا؟

۲۔ نظم کا خُلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

۳۔ نظم کے متن کو ذہن میں رکھ کر درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

(الف) کشتی کہاں ٹھہری ہے؟

(i) دریا میں (ii) ساحل پر (iii) منجدھار میں (iv) لہروں پر

(ب) شاعر کے مطابق کون سا موسم آنے والا ہے؟

(i) بہار (ii) خزاں (iii) گرمی (iv) سردی

(ج) بچے صحرا کو کیا بنانا چاہتے ہیں؟

(i) سبزہ زار (ii) گلستاں (iii) باغ (iv) گلزار

(د) ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے:

(i) منزل پر (ii) راستے میں (iii) دشت میں (iv) گھر میں

۴۔ درج ذیل الفاظ پر اعراب لگا کر تلفظ واضح کیجیے:

طغیانی، امن، گلزار، اٹھلائے، کشتی

۵۔ مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

(I) اپنے ______ کے دشمن سے لڑنا ہے اس بار ہمیں

(ii) لیکن ہم نے ______ لیا ہے، جانا ہے اُس پار ہمیں

(iii) کلیاں دل کی ______ جائیں گی؛ بادِ صبا اِٹھلائے گی

(iv) صحنِ چمن کی مٹی کو ہم اپنے ______ سے سینچیں گے

(v) منزل پر پہنچیں گے اک دن، وہیں ______ کریں گے ہم

مناسب الفاظ

خون
اندر
قیام
سوچ
کِھل

۶۔ درج ذیل الفاظ کے معانی لغت میں تلاش کریں:

منجدھار، طغیانی، بادِ صبا، فصلِ بہار، سینچنا

☆☆☆